© rasailojaraid.com



○ نام کتاب: اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں　　مرتب: حکیم محمد طارق محمود چغتائی

ضخامت: ۲۸۴ صفحات　قیمت: ۳۰۰ روپے　ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری 78/3 عبقری اسٹریٹ مزنگ، لاہور

دین اسلام نے مکمل زندگی گزارنے کے اصول وضوابط وضاحت کے ساتھ بیان کر دیے ہیں۔ مومنین اہلِ سنت، خاص طور پر علمائے کرام کا یہ امتیازی وصف رہا ہے کہ وہ آپس کے تعلقات میں خندہ پیشانی، انس ومودت اور حسنِ ظن اختیار کرتے ہیں۔ اس وقت فروع میں برداشت اور باہمی رواداری اسلامی جماعتوں کے لیے انتہائی مطلوب وصف ہے۔ خصوصاً دعوت وارشاد کے میدان میں کام کرنے والے افراد اور حلقوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ محبت اور حسن ظن پر مبنی رواداری کو بہرصورت ملحوظ رکھیں۔ محسوس ہوتا ہے کہ دعوت دین کی مہلت تیزی سے ختم ہو رہی ہے، ہوش مند قیادت کی بات ہو یا مخلص وباشعور کارکنان کی، ہر سمت قحط الرجال کا عالم ہے۔

اتحاد اور آپس کے تعلقات میں رواداری کے رویوں کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے حکیم طارق محمود چغتائی نے زیرِ نظر کتاب ترتیب دی ہے۔ حکیم صاحب سیّال قلم لکھاری اور کثیر تعداد میں کتب کے مرتب ومصنف ہیں۔ صاحبِ کتاب نے ماضی قریب کے اہل علم میں موجود باہمی تعلقات کے محاسن کو تازہ کرنے کی غرض سے اس کتاب میں بطورِ خاص علماء اہلِ حدیث کی رواداریوں کو ذکر کیا ہے اور دیگر علماء سے ان کے تعلق کی محبت والفت کو بالتفصیل بیان کیا ہے۔

کتاب میں بہت سے ایسے واقعات باحوالہ تحریر کیے گئے ہیں جو احناف اور اور عامل بالحدیث علماء کے آپس میں تعلق اور محبت کو ظاہر کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرتب کی اس کاوش کو قبولیت سے سرفراز فرمائیں اور ہم سب کے دلوں کو آپس میں جوڑ کر قرونِ اولیٰ کے مقدس مسلمانوں کی سی عملی وروحانی برکتوں سے مالا مال فرمائیں۔

○ نام کتاب: علماء اہل حدیث کے آزمودہ عملیات　　مرتب: حکیم محمد طارق محمود چغتائی

ضخامت: ۳۴۰ صفحات　قیمت: ۳۰۰ روپے　ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری 78/3 عبقری اسٹریٹ مزنگ، لاہور

جادو ٹونا اور سحر آسیب کی ناپاکیاں آج کل بہت زیادہ رواج میں ہیں۔ جن کے نتیجے میں ابتلاء، آزمائش، پریشانی، تکلیف، بیماری، غمگینی اور بدحالی کی حالتیں درپیش ہو جاتی ہیں۔ ایسی کیفیات اور تکلیفوں کے علاج کی مختلف تدابیر اہلِ فن کے ہاں معروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے بعض نیک بندے ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اُن کے انفاس کی برکت سے ان امراض سے نجات ملتی ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں مسلکِ اہل حدیث سے وابستہ عامل حضرات کی بیاضوں سے ماخوذ عملیات اکٹھے کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ ان عملیات کی شرعی اور ماثور حیثیت کے بارے میں اطمینانِ قلب حاصل کرنے کے لیے راسخ العلم علماء سے ہی استفادہ کیا جانا چاہیے اور علماء کی نگرانی کے بغیر بذاتِ خود ایسی کتابوں سے اخذ واکتساب میں احتیاط کرنی چاہیے۔

(مبصر: مولوی حافظ اخلاق احمد)



© rasailojaraid.com